سوال

(159) کیا عورت کا وضو اپنے بچے کا پاخانہ دھونے سے ٹوٹ جائے گا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت باوضو ہو کر اپنے بچے کا پاخانہ دھوئے تو کیا اس کا وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

بچے کا پاخانہ دھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، لہٰذا اس صورت میں دوبارہ وضو کرنا چاہیے۔

فقیہ ابن قدامہ فرماتے ہیں :

’وَلَافَرقَ بَینَ ذَکَرِ الصَّغِیرِ وَالکَبِیرِ۔ وَبِہٖ قَالَ عَطَاءٌ، وَالشَّافِعِیُّ، وَاَبُو ثَوَرٍ۔‘ المغنی : ۱ ۲۴۳

’’اس مسئلے میں بڑے اور چھوٹے میں کوئی فرق نہیں۔ عطاء شافعی اور ابو ثور کا بھی یہی مسلک ہے۔‘‘

پھر فرماتے ہیں کہ ہمارے لیے عمومی حدیث دلیل ہے۔

’مَن مَسَّ الذَکَرَ فَلیَتَوَضَّاَ، وَلِاَنَّہٗ ذَکَرُ آدَمِیٍّ مُتَّصِلٌ بِہٖ۔‘

’’جس کا ہاتھ عضو خاص کو لگ جائے وہ وضو کرے کیونکہ آدمی کا عضو اس سے متصل ہی ہوتا ہے۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

محدث فتویٰ